**WEST PAKISTAN PRIVATE COLLEGES(MANAGEMENT AND CONTROL) ORDINANCE 1970**

**25th June 1970**

# مغربی پاکستان میں نجی کالجز کا انتظام وانصرام آرڈیننس) 1970

## مغربی پاکستان آرڈیننس نمبر 20 مجریہ 1970

اقتباسات Contents

تمہید PREAMBLE

دفعات SECTIONS


1. مختصر عنوان وسعت، آغاز اور نفاذ Short title,extent,commencement and application
2. تعریفات Definations
3. (ہیت ترکیبی کا قیام) Establishment of Governing Body
4. (ہیت ترکیبی) Constitution of governing Body
5. چیرمین اور ممبر کا استعفیٰ اور سبکدوش Removal and resignation of member and chairman
6. اتفاقاً خالی پوسٹوں پر تعیناتی Filling of casual vacancies
7. ہیت ترکیبی کا اجلاس Meeting of Governing Body
8. ہیت ترکیبی کا اختیارات اور فرائض ذمہ داریاں Powers and duties of Governing Body
9. پرنسپل کے فرائض واختیارات Powers and duties of Principal
10. اظہار بیان Submission of statement
11. کالج کا فنڈ college Fund
12. مالی فوائد حاصل کرنے کی ممانعت Bar to Derive financial benifits
13. معائنہ Inspection
14. سٹاف کونسل Staff council
15. اساتذہ کی تنظیم Teachers,Association
16. طلباءاساتذہ کونسل Student-teacher Council
17. ہیت ترکیبی اور بانی مذکورہ ترکیبی کی تحلیل اور کالج کو سنبھالنا Dissolution of Parent Body or Governing body and taking over of college

Appointment of foreign nationals. غیر ملکوں کی تعیناتی 18

Protection of rights secured by معاہدہ دستور اور رواج کے تحت حاصل حقوق کی پاسداری 19
agreement,custom or usage.

indemnity تحفظ 20

Exemption استثنیٰ 21

Power to make rules قوانین وضع کا اختیار 22

**Power to make regulations** قواعد وضوابط وضع کرنے کا اختیار 23

WEST PAKISTAN PRIVATE COLLAGES (MANAGEMENT AND CONTROLL ) ORDINACE ,1970

25th June, 1970.

# مغربی پاکستان میں نجی کالجز (انتظام وانصرام آرڈیننس) 1970

۲۵ جون ۱۹۷۰ء

## مغربی پاکستان آرڈیننس نمبر 20 مجریہ 1970

مغربی پاکستان میں آرڈیننس برائے نجی کالجوں کا انتظام وانصرام کی فراہمی:

## تمہید:(Preamble):

ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ ایسی قانون سازی کی جائے جس کے تحت مغربی پاکستان میں واقع نجی تعلیمی اداروں کی تعلیمی صلاحیت کو زیادہ سے زیادہ بڑھایا جاسکے، ان کے نظم ونسق کو منظم اوران اداروں کے ملازمین اساتذہ کی ملازمت کے ضوابط کو درست بنایا جاسکے۔

**لہذا اب** 25 مارچ 1969 کے نفاذ مارشل لاء کے تسلسل میں اوراس سلسلے میں اسے مجاز کرنے والے تمام اختیارات استعمال کرتے ہوئے گورنر مغربی پاکستان نے مندرجہ ذیل آرڈیننس وضع اور مشتہر کیا ہے۔

1: **مختصر عنوان، وسعت، آغاز واستعمال**:- **Short title,extent,commencement and application**

1. یہ آرڈیننس مغربی پاکستان میں نجی کالجز کا (انتظام وانصرام) آرڈیننس, 1970 کہلائے گا۔

2. اس کا نفاذ ماسوائے قبائلی علاقہ جات کے تمام صوبہ خیبر پختون خواہ پر ہوگا۔

3. یہ فوراً نافذ عمل ہوگا۔

4. اس کا نفاذ تمام نجی کالجز پر ہوگا ماسوائے اُن کے جن کا بصورت دیگر آرڈیننس میں ذکر کیا گیا ہے

**دفعہ 2 تعریفات:(Definitions)** اس آرڈیننس میں اگر مضمون یا متن میں کوئی امر خلاف اس کے نہ ہو تو۔

(a) یونیورسٹی سے الحاق (affiliated to a university)؛ اس سے مراد وہ کالج جو یونیورسٹی سے الحاق شدہ ہو اور اس میں وہ کالج بھی شامل ہے جس میں یونیورسٹی جیسی مراعات تسلیم کی گئی ہوں۔

(b) بورڈ (Board) سے مراد ہے وہ ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ جس کے علاقائی دائرہ اختیار میں کالج واقع ہو۔

(C) چیئرمین ( Chairman ) سے مراد بورڈ کے انتظام و انصرام کا افسر اعلیٰ

(D) مجاز حاکم ( Competent Authority) سے مراد ڈائریکٹر تعلیم جس علاقہ میں کالج وقوع پذیر ہو۔

(E) ادارہ انتظام و انصرام سے مراد کالج کا ادارہ انتظام و انصرام.

( F) حکومت (Government) سے مراد حکومت (خیبر پختون خواہ) ہے۔

(G) نجی کالج یا کالجز (Private College or Colleges) سے مراد وہ کالج یا تعلیمی ادارہ جس میں انٹرمیڈیٹ کی سطح تک تعلیم یا اعلیٰ تعلیم کے لئے یونیورسٹی سے الحاق شدہ ہو۔ لیکن اس میں ایسے تعلیمی ادارے شامل نہیں ہونگے جن کے انتظامات مندرجہ ذیل کے حوالے ہوں

i) حکومت

ii) لوکل باڈی، کنٹونمنٹ بورڈ یا یونیورسٹی یا

iii) ایسے انتظامی و انصرمی ادارے جن کی تقرری حکومت مغربی پاکستان نے بطور ترتیبی ضابطوں 1960 کی ہو، یا جن کی تقرری ایسے قانون کے تحت کی گئی ہو، جو کہ موجودہ فوری ضابطہ قانون سے پہلے وجود رکھتی ہو،

H رکن سے مراد انتظام و انصرام کا رکن ہے

(i وضع کردہ (prescribed) سے مراد وہ قواعد و ضوابط جو اس آرڈیننس کے تحت بنائے گئے ہو۔

(j) بانی مذکورہ ہیئت ترکیبی سے مراد وہ شخص یا اشخاص کی تنظیم جس نے تعلیمی ادارہ قائم کیا ہوا سے استحکام دیا ہو، برقرار رکھا ہو۔ انتظام سنبھال رکھا ہو اس فوری ضابطہ قانون کے آنے سے پہلے۔

(K سربراہ (Principal) سے مراد کالج کا سربراہ اعلیٰ ہوگا۔

(l) فائدہ کار رجسٹرڈ ( Registered Benefactor ) سے مراد وہ شخص ہوگا جو اس آرڈیننس کے نفاذ کے بعد کالج فنڈ میں یک مشت کم از کم 15 ہزار روپیہ تک دیتا ہو اور اس کا نام پرنسپل کے پاس رکھے ہوئے رجسٹر میں اس بابت درج ہو۔

(M) **معلم** ,,Teacher,, سے مراد پروفیسر، ایسوسیٹ پروفیسر، اسسٹنٹ پروفیسر، ریڈر، لیکچرر، یا کوئی ایسا کالج کا ملازم جو ہدایت دیتا ہو بشمول پرنسپل، ہدایت کار تعلیم جسمانی کا ڈائریکٹر، جسمانی تربیت کار۔

## 3 ہیت ترکیبی کی تقرری (Establishment of Government Body)

مجاز اتھارٹی کالج کے نظم ونسق کو چلانے کے لئے ایک گورننگ باڈی کا قیام میں عمل میں لائے گی۔

## 4 ہیت ترکیبی کے خدوخال (constituion of Governing body).

1۔ مندرجات حصہ 10 کی ذیلی حصہ 3 میں دی گئی شرائط کے مطابق گورننگ باڈی درج ذیل پر مشتمل ہوگی۔

(i)۔ کالج کا سربرہ اعلیٰ۔

(ii)۔ تنظیم اساتذہ کالج کی طرف سے اپنے ارکان میں سے تین ٹیچر منتخب کرے گی۔

(iii)۔ تین اراکین جن کو بانی مذکورہ ,,(Parent Body ,,) نامزد کرے گی۔

(iv)۔ کالج کے فائدہ کار رجسٹر سے رکن کا انتخاب ہوگا۔

(v)۔ مجاز حکام کی طرف سے دو اراکین منتخب ہونگے جن میں سے ایک اسی ادارے میں تعلیم حاصل کرنے والے طالب علم کا باپ یا سرپرست ہوگا۔

vi۔ ایک رکن اس یونیورسٹی سے ہوگا جس سے کالج منسلک ہو۔

vii۔ ایک نمائندہ بورڈ کی طرف سے اگر کالج انٹرمیڈیٹ سطح تک تعلیم دینے کے مقصد کیلئے بورڈ سے رجسٹرڈ ہو۔

2۔ وضع کردہ طریقہ کار کے مطابق ان اراکین میں سے جو کہ کالج کے ملازمین نہیں ہونگے چیرمین کا انتخاب ہوگا

3۔ کالج کا سربراہ اعلیٰ اس ہیت ترکیبی کا رکن / سیکرٹری ہوگا

4۔ ماسوائے پرنسپل کے دیگر اراکین کا معیاد تین سال کا ہوگا اور دوبارہ نامزدگی یا انتخاب جو بھی صورت ہو کیلئے اہل ہونگے۔

5 برطرفی اوراستعفیٰ اراکین وچیرمین Removal and resignation of member and)chairman

(1) چیرمین یا کوئی رکن اپنے آفس سے مستعفی ہونے کیلئے مجاز حاکم کو استعفیٰ پیش کرے گا اور چیرمین اور ایسے رکن کی سیٹ خالی ہوجائے گی جب مجاز حاکم استعفیٰ منظور کرے گا۔

2۔ مجاز حاکم کسی بھی وقت کے چیئر ہیت ترکیبی یا رکن کو اس کے عہدے سے برطرف کرسکتا ہے اگر۔۔

(i)۔ وہ اپنے فرائض سرانجام دینے سے انکاری ہو یا ناکام ہو یا مجاز حاکم کی نظر میں وہ اپنی فرائض کی ادائیگی کی صلاحیت سے محروم ہو جو کہ آرڈیننس میں درج ہیں؛۔

(ii) مجاز حاکم کی نظر میں چیرمین یا رکن کے حیثیت سے اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا ہو۔

(iiii) ہیت ترکیبی کے تین اجلاس سے رحصت لیے بغیر مسلسل غیر حاضر رہا ہو ۔

بشرطیکہ چیئرمین اور رکن اس ذیلی دفعہ کے حوالے سے تب تک برطرف نہیں کیا جا سکے گے جب تک ان کو اظہار وجوہ کا پورا موقع نہ دیا جائے۔

3)۔ کسی کو بھی کوئی ذمہ داری سونپی گئی ہو اور اس رکن کا معیاد کام ختم ہوجائے تو اس سے ذمہ داری واپس لئے جائے گا اور وہ کام کو مزید جاری نہ رکھ سکے گا۔

6 Filling of Casual Vacancies

حادثاتی آسامیوں کو پر کرنا۔

اگر چیئرمین یا رکن کی اسامی بوجہ فوت ہونے سے، استعفیٰ دینے سے، معذوری سے یا کسی اور وجہ سے ہو دوران کام خالی ہوجائے، تو زیر دفعہ نمبر ٦ میں وضع کردہ طریقہ کار کے مطابق چیئرمین یا رکن کی خالی اسامی بذریعہ انتخاب یا نامزدگی بقایا میعاد کیلئے پر کی جائے گا۔

7 ہیت ترکیبی کا جلاس Meeting of governing body

ہیت ترکیبی کا اجلاس ایسے اوقات اور مقامات پر منعقد کیا جائے گا جو اس اجلاس کے انعقاد کیلئے وضع کردہ طریقہ کار کے مطابق ہو۔

## 8 ہیت ترکیبی کے اختیارات وفرائض power and duties of governing body

اس آرڈیننس کی روشنی ہیت ترکیبی کالج کے انتظام وانصرام کو عمل میں لائے گا اور تمام معاملات میں بغیر کی امتیازی سلوک کے اپنے اختیارات کو بروے کار لائے گا اور فرائض منصبی کو یقینی بنایا جائے گا۔

(a) کالج کی جائیداد کا انتظام وانصرام کرنا باوجود اس کے کہ یہ جائیداد بانی مذکورہ کی ملکیت ہو

(b) کالج کے فنڈ، فنانس، اثاثے اور سرمایہ کاری کا کنٹرول اور انتظام کرے گی۔

(c) میزانیہ کی (Budget) منظوری

(d) کالج کے معلمین اور دیگر ملازمین کی تعیناتی اور ان کے خلاف تادیبی کاروائی کرنا۔

(2) یہ گورننگ باڈی (Governing body) کا فرض ہے کہ وہ یہ یقینی بنائے:

(a) کہ وہ شرائط جن پر بورڈ نے کالج کو تسلیم کیا یا یونیورسٹی کے ساتھ الحاق کیا ہو اور وہ تمام رول اور احکامات ایسے بورڈ، یونیورسٹی یا دوسرے مجاز حکام کی طرف سے وقتاً فوقتاً طالب علموں کے داخلے کے بارے میں سرگرمیوں اور نصاب، طریقہ کار، تعلیم، امتحانات اور دوسرے معاملات جن کا کالج پر نفاذ کیا گیا ہو ان کو پورا کیا جائے گا۔

(b) یہ کہ اس آرڈیننس کے روح اور احکامات کو بہرصورت تسلیم کرنا ہوگا۔

(c) طلباء کے وہ تصورات وخیالات جو کالج کے اوقات کار اور طریقہ کار کے متعلق ہو اور جن سے طلباء کے مفادات پرزد پڑتی ہو وہ ان پر ضرور توجہ دی جائے گی

(d) یہ کہ کالج کا حساب کتاب اور آڈٹ مجاز اتھارٹی کی منظور شدہ طریقہ کار کے مطابق ہوگا۔

## 9 پرنسپل کے اختیارات وفرائض (Power and duties of the principal)

آرڈیننس کے روح اس کے تحت بنائے گئے رولز کیمطابق سربراہ اعلیٰ کالج کے تمام اندرونی انتظامی امور کو مربوط انداز سے چلانے کا ذمہ دار ہوگا۔ جن میں داخلہ جات، جماعتی ترقی، اساتذہ کا وقت نامہ نظم ونسق کی پابندی، فیس میں رعایت اور وظائف پر آنے والے اخراجات جس کے لئے بجٹ میں رقم رکھی گئی ہو۔ اور رجسٹرات کی جانچ پڑتال اور تحفظ، عارضی طور پر تعیناتی جس کا عرصہ ملازمت تین ماہ سے زیادہ نہ ہو۔

**10 داخلہ بیان حلفی: Submission of statment**

**(1)** **بانی مذکورہ** (Parent Body) (مجاز حکام کو دو ماہ کے اندر اس آرڈیننس کے ساتھ منسلک فارم کے مطابق تفصیلی بیان پیش کرے گا۔

(a) اس آرڈیننس کا آغاز کے وقت، اگر کالج پہلے سے وجود میں تھا تو اس آرڈیننس کے نفاذ کے وقت۔ اگر کالج موجود ہو تو اس آرڈیننس کا اطلاق فوری طور پر لاگو ہوگا یا

(b) اس تاریخ سے جس پر کالج کو بورڈ نے تسلیم کیا یا کسی جامعہ سے منسلک ہوا ہو۔

(2) سرپرستان دارالعلوم کی زیرنگرانی سالانہ اخراجات کا گوشوارہ قلمبند کریں گے۔

(3) اگر سرپرستان کی طرف سے امداد کالج کے سالانہ اخراجات کے 25% سے کم ہو تو مجاز حکام سرپرست کی ہیت ترکیبی کے امیدوارں کی تعداد گورننگ باڈی میں کم کرسکتی ہے جس طرح وہ مناسب سمجھے۔

وضاحت Explanation

ذیلی دفعہ ۳ کے مقاصد کو مدنظر رکھتے ہوئے سرپرستان نے جو رقم مہیا کی ہو اس میں وہ تمام رقومات شامل ہونگی جو کالج کے اثاثوں اور کرایہ کی مد میں آئی ہو مجاز حاکم اس آمدن کا جائزہ لے گا جو سرپرستان کی تصرف میں ہو یا کالج کے زمرے میں آتے ہو

**11 مالیاتِ دارالعلوم درج ذیل آمدن پر مشتمل ہوگی**

(A) فیس، عطیات، خیرات، عطیہ، وقف ،، وصیت گرانٹز اور یک مشت اداشدہ مالی تعاون جو رجسٹرڈ مخیر ات نے کیا ہو۔

(B) دارالعلوم کی جائیداد کی آمدن

(C) کالج کی آمدن میں سرپرستان کی طرف سے کیا گیا تعاون۔

(D) حکومتی امداد اور مالی تعاون

(E) کل ذرائع آمدن

**12 مالی فوائد حاصل کرنے پر پابندی Bar to derive financial benefits**

ہیت ترکیبی کے رکن کو کالج سے مالی فوائد حاصل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی بشرطیکہ یہ دفعہ اس شخص پر لاگو نہیں ہوگی جس کی تقرری اور اجرت اور دیگر مراعات بحیثیت استاد جو اس آرڈیننس کے تحت بنائے گئے قواعد کے تحت حاصل کررہا ہو

13- معائنہ( Inspection) (1) مجاز حکام کسی بھی وقت کسی بھی کالج کا معائنہ کر سکے گا یا وہ افراد یا فرد بھی کر سکے گا جن کو معائنہ کے اختیارات سونپے گئے ہوں
(2) مجاز حکام کسی بھی کالج جس کا انسپکشن ہو چکا ہو کو بذریعہ ضروری ہدایت مقرر کردہ معیاد کے اندر وہ کام کرنے کا کہے گی جو وہ ضروری سمجھے اور جن کا تعلق آرڈیننس میں درج قواعد وضوابط سے ہو۔

14- مجلس عملہ Staff Council

دارلعلوم میں ایک مجلس عملہ ہوگی اس میں سربراہ ادارہ بطور چیرمین اور دیگر چار سینئر ترین اساتذہ بطور ارکان ہونگے یہ دارلعلوم کے روزمرہ اور دیگر معالات جو دفعہ 9 میں درج شدہ ہے کے بابت ہدایات و مشورہ دینگے

15- تنظیم اساتذہ (Teacher Association)

کالج کی اپنی تنظیم اساتذہ ہوگی اس میں دارلعلوم کے تمام اساتذہ شامل ہونگے۔

16- مجلس طلباءواساتذہ Student-teacher council.

(1) دارلعلوم کی ایک مجلس طلباءواساتذہ ہوگی جو کہ مشتمل ہر

(i) سربراہ ادارہ

(ii) منتخب کردہ تنظیم اساتذہ سے دو ارکان شامل ہونگے۔ ہیئت ترکیبی کے منتخب شدہ نہ ہو

(iii) تنظیم طلباء کا سربراہ

(2) طلباء کے فلاح سے جو امور ہو جن کی ہیئت ترکیبی نے سفارشات پیش کی ہو اس پر غور وخوض کیا جائیگا

17- تحلیل ہیئت سرپرستان یا ہیئت ترکیبی اور کالج کی ذمہ داری سنبھالنا Dissolution of Parent Body or Governing body and taking over of college

اگر کالج اپنا معیار اور ڈسپلن بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق برقرار رکھنے میں یا اس آرڈیننس اور اس کے تحت بنائے گئے رولز وریگولیشن کی شرائط پورا کرنے میں ناکام ہو جاتا ہے یا اس کو جس طریقے سے چلایا جارہا ہو تعلیم کے مقاصد کے منافی اور پرتعصب ہو تو حکومت مجلس سرپرستان یا ہیئت ترکیبی جو بھی صورت حال ہو کو اظہار وجوہ کا موقع بابت مجوزہ عمل دے گی۔

(a) تو حکومت مغربی پاکستان تعلیمی وتربیتی ادارجات کے آرڈیننس 1960 کے تحت ہیت ترکیبی کوتحلیل کردے گی اوراس کی جگہ بورڈ آف ہیت ترکیبی عمل میں لائی جائے گی

(b) کالج کا نظام مستقل طور پر سنبھال لے۔

(c) کسی بھی ضروری اقدام اٹھانے سے گریز نہ کریں

**18-** <u>غیرملکیوں کی تعیناتی (Appointment of foreign)</u>

حکومتی اجازت کے بغیر کوئی غیرملکی انتظامی، تدریسی، منتخب یا نامزدگی ہیت ترکیبی میں تعینات نہیں کیا جائے گا باوجوداس کے کہ دفعہ ۶، ۸، ۹، ۱۱اور ۱۹میں قواعد کے تحت اس کا ذکر ہو۔

## 19۔ تحفظ حقوق کی یقین دہانی بذریعہ معاہدہ، رواج وستور کے

(Protection of rights secured by agreement,custom or usage)

(1) بہرطوراس آرڈیننس کی شرائط کا اطلاق ہوگا باوجوداس کے کہ کوئی اور قانون جوموجودہ دور میں نافذ ہو یا کسی معاہدہ، محفل شراکت داری کے الات کے تحت آتا ہواور محفل شراکت داری کے الات کا م عمل میں اس کے بر خلاف درج ہو

(2) ماسوائے جسطرح دفعہ 18 میں درج ہے اس آرڈیننس کی کسی دفعہ کا اثر کسی معاہدہ، رواج، دستور جو کہ اس آرڈیننس کے نفاذ سے قبل کے ہو جہاں تک یہ اساتذہ کے نوکری کے حالات کو ان کیلئے بہتر بناتے ہو۔ بمقابلہ ان وضع کردہ رولز کے جو اس آرڈیننس کے تحت بنائے گئے ہو

**20-** استحکام کی ضمانت Indeminty

(1) کوئی دعویٰ، قانونی چارہ جوئی صوبائی حکومت کے خلاف نہیں لائی جاسکتی بہ لحاظ کوئی بھی ایسا کام جو نیک نیتی سے کیا گیا ہو یا جس کے کرنے کا ارادہ اس آرڈیننس کے تحت کیا گیا ہو۔

(2) کوئی دعویٰ، پراسیکوشن یا دیگر کاروائی کسی شخص کے خلاف نہیں لائی جاسکتی بہ لحاظ کوئی بھی ایسا کام جو اس نے نیک نیتی سے کیا ہو یا جس کے کرنے کا ارادہ ہو اس آرڈیننس کے تحت کیا ہو۔

## -21 استثناء Examption

(1) گورنمنٹ سرکاری مجلّہ میں بذریعہ آگاہی جانچ کنندگان کی سفارشات پر جو کہ اسی مقصد کیلئے بنایا گیا ہو کسی دارلعلوم م کو اس آرڈیننس کے اطلاق یا کسی شرط سے کم سے کم تین سال اور زیادہ سے زیادہ پانچ سال کے عرصہ تک ایک دفعہ کیلئے ایک وقت میں استثنٰی دے سکی ہے

(2) بناوٹ (Constitution) دفتر کا معیاد اور ٹریبونل کا طریقہ کار جس کا ذکر ذیلی سیکشن (۱) میں کیا گیا ہے وہ ہوگا جو کہ اس مقصد کیلئے وضع کیا جائے گا

## -22 قواعد بنانے کا اختیار Power to make rules:

(1) حکومت سرکاری مجلّہ کے ذریعے آرڈیننس کی مقاصد کی تکمیل کی عرض سے قواعد بنائے گی۔

(2) خاص طور پر اور بلا کسی امتیاز کہ عام اختیارات کے استعمال کیلئے مندرجہ ذیل قواعد ہونگے

(a) اساتذہ کی تقرری یقین دہانی، ترقی اور ملازمت کی ضمانت

(b) تنخواہ کے درجات اور وظائف اساتذہ کو مہیا کرنا

(c) اساتذہ کیلئے رخصت، طبی امداد اور دیگر مراعات

(d) شراکت دار مالیہ اساتذہ کیلئے۔

(e) طلباء کو سہولیات کی فراہمی، کیلئے فنڈ، فیس طلباء سے وصول کئے جائنگے

(f) طلباء کیلئے وظائف اور فیس میں رعایت دینا۔

(g) اساتذہ و طلباء انجمن نے تنظیم اساتذہ اور کام

(h) دفتر کیلئے معیاد آئین و دستور جانچ کا طریقہ کار

(i) چیرمین کا انتخاب۔

(j) اور کوئی معاملہ، جس کیلئے طریقہ کار وضع کیا جانا چاہیے

-23 <u>Power to make regulation : قاعدہ وضابط بنانے کا اختیار</u>

(1) اس آرڈیننس کے مقاصد کو حاصل کرنے کی غرض سے ہیت ترکیبی طریقہ کار وضع کرے گی جو کہ اس آرڈیننس کی دفعات سے اور اس کے تحت بنائے گئے اصولوں سے متصادم نہ ہو

(2) بالخصوص اور بلا کسی امتیاز کے یہ طریقہ کار فراہم کیا جائے گا۔۔

(a) <u>ہیت ترکیبی کی ملاقات</u> اور ملاقات کے حوالے سے طریقہ کار وضع کرنا۔

(b) بیانیہ جس کے تحت عام یا خصوصی اجلاس بلایا جائے گا۔

(c) وقت اور جگہ جہاں ہیت ترکیبی کے اجلاسوں کا انعقاد ہوگا۔

(d) طریقہ کار جس کے تحت منٹس کو عام اور یقینی بنایا جائے گا۔

(e) کوئی اور معاملہ جو کہ اس آرڈیننس کی دفعات کے تحت بیان کرنا ہو